23/03/2026

09:25 /AM

آداب

یہ آکاش وانی سرینگر ہے ۔

خبروں کا بلیٹن لیکر میں عارف حسین

میٹنگ

نئی دلی میں کل وزیر اعظم نریندر مودی کی صدارت میں ایک اعلیٰ سطحی میٹنگ منعقد ہوئی جس میں مغربی ایشیاءمیں جاری ، گیس ، بجلی اور کھاد کے شعبے کی صورتحال کا جائزہ لیا گیا ۔ میٹنگ میں Crude Oilصورتحال کے پیش نظر ملک میں پیٹرولیم ، ملک بھر میں کسی رکاوٹ کے بغیر سپلائی کو یقینی بنانے پر توجہ مرکوز کی گئی ۔ میٹنگ میں وزیر داخلہ امت شاہ ، بچاو وزیر راج ناتھ سنگھ ، وزیر خزانہ نرملا سیتا رمن ، وزیر خارجہ ڈاکٹر ایس جے شنکر کے علاوہ متعلقہ وزارتوںکے وزراءبھی موجود تھے ۔

واٹرڈے

وزیر اعظم نریندر مودی نے عوام سے اپیل کی ہے کہ وہ پانی کے ہر قطرے کو محفوظ بنانے اور اس کے منصفانہ استعمال کے عہد کی تجدید کریں۔ ان باتوں کا اظہار انہوننے کل یوم آب کے موقعے پر ایک پیغام میں کیا۔ انہوں نے کہا کہ پانی زندگی کی بقاءاور زمین کے مستقبل کے لیے نہایت اہم ہے۔وزیر اعظم نے پانی کے تحفظ کے لیے کام کرنے والوں کی کاوشوں کو بھی سراہا۔

اور اسلامک یونیورسٹی آف سائنس اینڈ ٹیکنالوجی کے Earth Scientist پانی کی اہمیت سے متعلق بین الاقوامی شہرت یافتہ نامور وائس چانسلر پروفیسر شکیل احمد رومشو نے آکاشوانی نیوز سرینگر سے بات کرتے ہوئے کہا ۔

LG

لوک بھون جموں میں کل بہار دیوس منایا گیا۔اس موقعے پر جمونو کشمیر کے لیفٹیننٹ گورنر منوج سنہانے بہار کے عظیم انقلابی اور بلند پایہ شخصیات کو خراج عقیدت پیش کیا۔ایک بھارت شریشٹھا بھارت کے جذبے کو مناتے ہوئے تقریب مینعلیٰ سرکاری افسران، میں رہائش پزیر بہار کے لوگوں نے شرکت کی۔ UTطلباءاور

لیفٹیننٹ گورنر نے اس موقع پر بہار کے لوگوں کو مبارکباد دیکر اُن کے نیک تمنائیں خواہشات کا اظہار کیا ۔انہوں نے کہا چندرگپت موریہ اور چانکیہ کے دور سے لے کر آزادی کی تحریک تک، بہار ”قوم کی ڈھال“ اور ہندوستان کے اتحاد اور روحانی، ثقافتی، فکری و اقتصادی زندگی کا مرکز رہا ہے۔

منوج سنہا نے کہا وزیر اعظم نریندر مودی کی قیادت میں، ریاست اپنی قدیم شان کو دوبارہ حاصل کر رہی ہے اور ایک بار پھر جامع ترقی اور اختراع کے طور پر ابھر رہی ہے۔

شہیدی دِوس

لیفٹنٹ گورنر منوج سنہا نے بھارت کے عظیم انقلابیوں بھگت سنگھ، سکھ دیو اور راج گرو کو شہیدی دِوس کے موقعے پر مبارکباد دی ہے۔ ایک سو شل میڈیا پوسٹ میں انہوننے کہا ہے کہ اِن لوگوں قربانیاں ہمیں ایک مضبوط، خود انحصار اور وِکست بھارت تعمیر کرنے کی تحریک دیتی ہیں۔

انہوننے کہا کہ قوم بھارت کے ان عظیم ہستیوں کی ہمیشہ مرحونِ منت رہے گی۔

خراج LG

دریں اثناءلیفٹنٹ گورنر نے مفکر اور سماجی انصاف کے علمبردار ڈاکٹر رام منوہر لوہیا کو ان کے جنم جینتی پر خراج عقیدت پیش کی ہے۔ ایک سو شل میڈیا پوسٹ میں ایل جی نے کہا کہ ڈاکٹر رام منوہر لوہیا نے اپنی ساری زند گی سماجی انصاف، پچھڑے طبقوں کی ترقی اور سماجی برابری کےلئے وقف کی تھی۔

تعزیتCM

وزیر اعلی عمر عبد اللہ نے ممبر اسمبلی اندروال پیارے لال شرما کے والد کے انتقال پر گہرے
د

کھ اور افسوس کا اظہارکیا ہے۔±

ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں ممبر موصوف اور دیگر اہل خانہ کے ساتھ تعزیت کا اظہار کر تے ہوئے عمر عبداللہ نے مرحوم کے ابدی سکون کےلئے دعا کی۔

پرگتی

مرکزی سرکار کی پرگتی سکیم کا بنیادی مقصدپروجیکٹوں کی عمل آوری اور مقررہ معیاد کے دوران ہی پروجیکٹوں کی تکمیل کو یقینی بنانا ہے ۔

اس بارے میں جب آکاشوانی نیوز سرینگر نے معروف ماہر اقتصادیات ڈاکٹر اعجاز ایوب سے بات کی تو انہوں نے کہا ۔

موسمیات دن

آج موسمیات کا عالمی دن منایا جا رہا ہے۔ اس دن سال1950میں World Meteorological Organization کا قیام عمل میں لایا گیا تھا۔ یہ دن موسم کی پیشگوئی سے جڑے اداروں کی سرگرمیوں کی اہمیت کے بارے میں بیداری پیدا کرنے کی غرض سے منایا جاتا ہے۔

درجہ حرارت

سرینگر میں رات کا کم سے کم درجہ حرارت5 اعشاریہ9 ڈگری جبکہ جموں میں رات کا کم سے کم درجہ حرارت15ڈگری سیلشیس ریکارڈ کیا گیا۔

اس کے ساتھ ہی خبروں کا یہ بلیٹن ختم ہوا ۔

خبروں کا اگلا بلیٹن دن میں بارہ بج کر تیس منٹ پر

اردو میں نشر ہو گا ۔

خدا حافظ

....

....

....